© rasailojaraid.com

شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی

# علم اور دولت

مصر میں
دو بھائی رہتے تھے
ایک علم حاصل کرتا رہا
دوسرا مال جمع کرتا رہا
علم کا متلاشی
علامہ ہو گیا
اور روپیہ جمع کرنے والا
شاہی خزانچی بن گیا
ایک دن دولت مند نے
عالم سے
حقارت کے لہجے میں کہا
ہم تو خزانے کے مالک بن گئے
اور
تم مفلسی کے گڑھے میں پڑے ہو
عالم نے کہا
بھائی جان!

میں تو علم کی دولت پر
اللہ کا شکر گزار ہوں
کہ اس نے مجھے
پیغمبر (حضرت موسیٰؑ) کی میراث
عطا فرمائی
یعنی علم دیا
مگر آپ ہیں
کہ فرعون کی وراثت
(مصر کی حکومت) پر اترا رہے ہیں
بھائی صاحب!
یہ بات یاد رکھیں
کہ حضرت موسیٰؑ کا کردار
حضرت موسیٰؑ کا انجام پاتا ہے
اور
فرعون کا کردار
فرعون کا انجام پاتا ہے



© rasailojaraid.com